کیولری ریگولیشن

یکم جون ۱۸۸۵ء

یعنے

انتخاب کتاب مذکورہ کا (۱۶)

انگریزی زبان سے اُردو مین ترجمہ کیا ہوا

کپتین غلام محی الدین بیگ ہیڈ اسکول ماسٹر رجمنٹ نمبر ۸ بنگال کیولری کا

بارِ اول

مطبع کوہ نور لاہور مین باہتمام منشی رام نند کے پرنٹر طبع ہوا

فہرست مضامین کتاب کولری ریگولیشن

تتمہ فہرست کتاب کولری ریگولیشن

تمت

تمام شد

التماس

خدا در انتظار حمد ما نیست • محمد چشم بر راہِ ثنا نیست

آجکل قواعد و پریڈ کا شوق روز افزون ہے اور کتابین جو اس فن کی حال مین
مروج ہین وہ بباعث اجرائے نئی کتابون کے محض ناکارہ ہوگئی ہین۔
نظر برین کتاب جدید کیولری ریگولیشن کا ترجمہ کر کے ہدیۂ ناظرین تمکین کیا جاتا ہے
اس ترجمہ کا کتاب اصلی سے یہ فرق ہے کہ حصۂ اوّل مین وہ مضامین تحریر کیے
گئے ہین کہ جو ہندوستانی افسرون اور عہدہ دارون کے روزمرہ کام آتے ہین اور حصۂ دوم
مین وہ مطالب لکھے جاوینگے کہ جنکی گاہے گاہے ضرورت ہوتی ہے۔
انشا پردازی اور عبارت آرائی کا نہ اس مین موقع اور نہ اُس کی تحریر کا مادہ ہان
اپنی ناقص سمجھ کے موافق جو کچھ ہو سکا حتے الامکان بلا اعانت اور استمداد لکھا گیا
اور خاصکر فوجی اشخاص کی استعداد پر نظر کر کے اردو عام فہم مین لفظ بلفظ ترجمہ کیا گیا ہے
اصلی غرض اس کتاب کی اشاعت سے یہ ہے کہ اپنے آقائے نامدار کرنیل
آر و بلر صاحب بہادر دام اقبالہ کمانڈنگ افسر اور کپتان جان نکسن صاحب بہادر
اجیٹن رجمنٹ نمبر ۱۸ بنگال کیولری جن کی مدد اور ہدایت سے یہ ترجمہ
کیا گیا ہے اونکی فیض رسانی اور احسان سب پر جتانا اور خصوصاً عام کو جو رسالہ
سے تعلق رکھتے ہین فایدہ پہونچانا ہے۔

الملتمس

کمترین غلام محی الدین عفی عنہ

باب ۱۹

تیاری سکوڈرن کی پریڈ کے کامون کے واسطے

(۱) رسالہ کا کام سکوڈرن سے شروع ہوتا ہے اور اُسپر سپاہی اور بلاؤ کل فوج کا موقوف ہے۔

(۲) اگرچہ ایک اکیلی سکوڈرن کی پریڈ سے ایک پورے رجمنٹ کی موومنٹ کی واقفیت حاصل نہین ہوسکتی تاہم افسرون اور جوانون کی مکمل تعلیم کا مندرجہ ذیل کامون مین ایک عمدہ ذریعہ ہے۔ یعنی رائیٹ اور لفٹ پاس۔ رین بیک۔ ویل۔ کونٹر مارچ۔ اڈوانس۔ انکلائین۔ فرنٹ کا گھٹانا اور بڑھانا۔ لائن اور کالم سے ہاف کالم بنانا اور ہاف کالم اور لائین سے کالم بنانا۔ سکاوٹ ڈسمونٹ سروس اور بہت سے کام جو رسالہ کے واسطے مقرر کیئے گئے ہین۔

(۳) تعلیم ایک مقررہ قاعدہ پر اور رفتہ رفتہ آسان سے مشکل کامون تک سکھاوین جب آسان کامون مین طاق ہوجاوین تو ایسے موومنٹ جو دشمن کے سامنے کرنے ہون جہان تک ممکن ہو صلح کے وقت کرائے جاوین۔

(۴)۔ اِس امر کا خیال رہے کہ جوان اپنے اپنے گھوڑون پر خوب جکڑ کر بیٹھے ہون نہ کہ گھوڑے اُن کو مثل ایک بوجھ کے اُٹھائے ہوئے ہون۔ اِس مطلب کے حصول کے واسطے اکثر رپیر رینک کو اٹ آرڈر مین کام کرنا چاہئیے۔ پریڈ کے کام سنگل رینک مین کبھی نہ کرائی جاوین نہ اِس باعث سے کہ یہ میدان جنگ مین کام آتے ہین بلکہ سوارون کے ڈھیلاپن اور سستی کو درست کرنے مین فایدہ مند ہین۔ سکوڈرن کو یہ اشاری کرچ کی بغیر

کمان دینے کے بھی کام ضرور کرایا جاوے۔

(دیکھو حصہ سیوم باب ۱۳ فقرہ ۸)

(۵) - پریڈ کے کام عموماً موافق وسعت زمین کے ہون گے اور بعد ویلنگ اِنٹو لائین یا فارمنگ ٹو دی فرنٹ کے بغیر رُوکنے قدم کے اکثر اڈوانس کرنا مناسب ہے۔

(۶) - غلطیان رفتہ رفتہ اور بغیر کسی شور کے درست کی جاوین اور صرف کمان کا لفظ سُنائی دے۔

جب چلتے ہون ترپ لیڈر ہرگز پیچھے کیطرف مُنھ کرکے غلطیان درُست نہ کرین - بلکہ اپنی فرنٹ کی جانب دیکھتے رہین اور اپنے ٹرُپ کو ٹھیک سمت کو حکمشدہ قدم سے لیجاوین جب رُخ بدلنے کی دیا جاوے تو وہ نئی سمت کی جانب اپنی کیچ سے اشارے کرین - کام ٹرُپ لیڈر کا یہ ہے کہ ٹرپ کو لیڈ یعنی رہنمائی کرے اور کام ٹرُپ کا یہ ہے کہ اپنے ٹرُپ لیڈر کے عقب مین جاوے اور یہ کام دونون کے اس جانب دیکھنے سے ہو سکتا ہے کہ جس طرف کو وہ جارہے ہون۔

(۷) کُل حالات مین یہ نہایت ضرور ہے کہ ڈرل جو درُستی کام وغیرہ کیواسطے کی جاتی ہے اور قواعد یعنی مشق جو دُشمن کے سامنے ہوتی ہے ان دونو مین فرق رکھا جاوے۔

ڈرل مین یہ ضروری ہے کہ درُستی کامون کی اور پوری صحت ورسیے اور الائین منٹ وغیرہ کا خیال رہے اور قواعد مین ان کی چندان ضرورت نہین ہے صرف صفائی اور جلدی موومنٹ کی مدِنظر رہے۔ اس کے علاوہ چُستی ٹرپ کی اور نیز خیال ڈائرکشن کا بھی رکھنا ضروری ہے۔

(۸) - قواعد مین یہ نہایت سودمند ہوگا کہ دشمن ایک بناوٹی فوج مین دکھلایا جاوے اور اگر یہ حالت نہ ہو تو ہمکو ڈرن کو ہمیشہ یہ فرض کرکے کہ وہ دشمن کا مُقابلہ کر رہا ہے

کام کرنا چاہیئے اور ہر ایک موومنٹ سے ایک خاص مطلب بالنسبہ مفروضہ حرکات دشمن کے رکہا جاوے۔ اور سکھلانے والا ہر ایک افسر اور جوان سے یہ بیان کردے۔

(۹) کرچ اور بلم کی مشق گیلپ مین اور ڈسمونٹ ہوکر پیدل کام کرنا اور گراونڈ سکاوٹ یعنی زمین کے امتحان کرنے والے سکاوٹ اور فلنک پٹرول اور اوٹ پوسٹ اور ریکانائیٹرنگ کے لگانے مین نہایت ہشیاری کرنی چاہیئے۔

(۱۰) تنگ جگہ مثل درہ یا کوچہ یا پل وغیرہ کی ہو نو اڈوونس و ریٹریٹ مین مشق کرائی جاوے۔

اڈوونس کرنے مین تنگ مقامون کا اول امتحان کرنا مناسب ہے دسکوڈرن تیز قدم سے گذر کر پرلی جانب ڈپلائی کرے۔

اور ریٹریٹ کرنے مین چند ڈسمونٹ شدہ جوان تنگ جگہون کو بندوق سے بچائے رکہین جب تک کہ سکوڈرن باہر نکل نہ جاوے۔ بعد کو یہ ڈسمونٹ جوان سکوڈرن سے مل جاوینگے۔

حملہ کا بیان

(۱۱) حملہ لائن مین کیا جاتا ہے اور وہ ایسے تیز قدم سے کرنا چاہیئے کہ سب سے سست گہوڑے کے قدم سے زیادہ نہو۔ کسی حالت مین سکوڈرن کو اپنے پر حملہ کرنے کا موقع نہ دینا چاہیئے بلکہ خود حملہ کرے۔

(۱۲) مدعا حملہ کا یہ ہے کہ دشمن کو گرادیا جاوے اور بوسیلہ کرچ اور بلم کے اسکو پوری پوری شکست دی جاوے۔ اس مطلب کیواسطے درستی اور ملاؤ اور پورے قدم کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔

(۱۳) حملہ اگر زمین کافی ہو بارہ سو[۱۲۰۰] سے لیکر پندرہ سو[۱۵۰۰] گز کی فاصلہ تک کیا جاوے دو تہائی سے

تین چوتھائی تک کا فاصلہ ٹراٹ سے اور باقیماندہ رفتہ رفتہ گیلپ سے سوا ئے اخیری پچاس سے ستر گز جسپر چارج ہونا چاہیے۔

جب زمین مندرجہ بالا فاصلون سے گذرنے کو رخ بدل دینے سے بہی کافی نہ ہو تو فاصلہ ٹراٹ کا کم کر دیا جائے او نہ گیلپ کا۔

(۱۴) - اول حصہ اڈوانس مین جو کالم یا لائین مین کیا جاوے ڈرکشن اکثر بدلدیا جاویگا مگر جب سکوڈرن تین سو یا چار سو گز فاصلہ پر دشمن سے رہ جاوے تو اُو ر ڈرکشن نہ بدلنا چاہیے۔

(۱۵) - چلتی ہوئی چیزین مثل بناوٹی سکوڈرن اور بعض اوقات مقیمی اشیاء پر حملہ کیا جاوے گے لیڈر گاہے اپنے آپکو نشانہ بنا کر کہڑا کرے اور سکوڈرن کو اپنے پر حملہ کرنے کا حکم دے اس مطلب سے کہ آیا سنتر گائیڈ کے پیچھے آتا ہے یا نہین اور کوئی جوان پہیلا تو نہین ہے اور جن موقع مین جوان پہیل جاوین تو ریر رینک کے فائیل فرنٹ رینک کی خالی جگہون کو بہر دین۔

(۱۶) - جب سکوڈرن کو حملہ کرنے کا حکم ملے تو مندرجہ ذیل کمان دی جاوے گی

وے سکوڈرن ول اٹیک

لنسر رجمنٹون مین فرنٹ رینک بلم کو انگیج پر لا دینگے - چارج کی کمان پر صرف فرنٹ رینک اپنی کرچون کو انگیج پر کرین گے اور جب قدم بعد حملہ کے کم ہو جاوے تو کرچین سلپ سورڈ اور بلم کیری لنس پر لائی جاوینگی۔

(۱۷) - ڈرل کیوقت حملہ کی مشق مین بعد کمان چارج کے حکم ٹراٹ اور واک کا بھی دیا جاوے گا - رفتہ رفتہ قدم کم کر دیا جاوے گا - اور تیس سے چالیس گز کا فاصلہ قبل ہالٹ کرنے کے اُس کے واسطے رکہا جاوے گا۔

(۱۸) - تاکہ سکوڈرن کو جلدی اپنے درست فارمیشن بعد اُس ابتری کے جو غالب ہے کہ

کامیاب ہو کے عقب مین بہی واقع ہو حاصل کرنے کی عادت ڈالی جاوے منذرجہ ذیل مشق بعد ہو کے کرائی جاوے۔

سکوڈرن کو بریک اپ کا حکم دیا جاوے۔ اس حکم پر کل سکوڈرن تتر بتر ہو جاوی۔ جہان چند منٹ تک ایک دوسرے کے گرد چکر کرین بغیر لحاظ درستی سکوڈرن کے ریلی کے بگل پر سکوڈرن لیڈر کے پاس جمع ہو جاوین اور وہ اکثر فرنٹ کی جانب اور گاہے فلنک کیطرف اکٹھے ہونگے۔ رٹائیر کے حکم پر جب سکوڈرن تتر بتر ہوا ہوا ہے جوان ریر کو گیلپ سے بغیر خیال اپنی اپنی جگہ کے سکوڈرن کو چلین گے۔ سکوڈرن گائیڈ اور ٹرپ لیڈر فوراً اپنے سکوڈرن کے فلنک کے گرد ہو کر ریر کی رہنمائی کے واسطے آگے جاوینگے۔ ریلی کے بگل پر وہ لیڈر کے پاس جمع ہون گے اور اپنے اصلی فرنٹ پر دوبارہ لائین بنا وین گے۔

(۱۹)۔ بعض موقعون پر اور خصوصاً جب بمقابلہ توپخانہ کے اڈوانس کر رہے ہون۔ یہ ضروری ہوگا کہ سکوڈرن ایک اوپن فارمیشن مین ہو جاوے تاکہ دشمن کے گولے سے کم نقصان پہونچے۔ اس مطلب کے واسطے یہ حکم دیا جاوے گا۔

اڈوانس باای کسٹنڈڈ فائلیس (یا ہاف اکسٹنڈڈ) فائلس۔ اس حکم پر جوان سنتر سے پہیلین گے اور گہٹنے سے گہٹنے تک کا فاصلہ آٹھ گز سے زیادہ نہ ہونا چاہیئے اور ہاف اکسٹنڈڈ فائلیس مین صرف چار گز کا فاصلہ رہے گا اور فرنٹ رینک اور ریر رینک اپنی اپنی جگہہ پر ہون گے۔

پہر ہر ایک فائل منزل مقصودہ کو اڈوانس کرے اور ڈرکشن کے واسطے اپنے سکوڈرن لیڈر کو دیکھتا رہے۔ ریلی کے حکم پر کل جلدی سے اپنے فرنٹ کو دیکھکر جمع ہو جاوین۔

باب ۲

گرائونڈ سکاؤٹ

(۱) ۔ ہدایات درباب اڈوونس اور ریر گارڈ اور ریکانا سنس وغیرہ کا بیان حصہ پانچوین مین تحریر ہوا ہے صرف اس جگہ اُن اُمور کا ذکر کیا جاتا ہے کہ جو زمین کے ملے کرنےمین ضروری خیال کیئے گئے ہین۔

(۲) ۔ چند ہوشیار جوان سکوڈرن مین چُن کر گرائونڈ سکاؤٹ کے کام کے واسطے سکہلائے جاوین تاکہ فرنٹ اور دونو فلنک کی زمین کا لائین یا کالم کے اڈوونس مین ریکانائٹر کرین مبادا کہ سکوڈرن ایسی زمین پر نہ چلا جائے کہ جس جگہ کام نہ کرسکے۔ سکوڈرن بنانے کے وقت ایک جوان گرائونڈ سکاؤٹ کے واسطے ہر ایک ٹرُپ کے ریر رینک کے باہر والی سکشن مین رکہا جاوے۔

(۳) ۔ سکاؤٹ اوٹ کی کمان یا بگل پر ایک سکاؤٹ ہر ایک سکوڈرن سے گیلپ پر اس سمت کو جاوے کہ جس جانب کو اُس کی ضرورت ہے۔ وہ سکوڈرن کی نظر سے غایب نہ ہو۔ بعد پہونچنے مقررہ فاصلہ کے وہ قدم اور رُخ بیچ اصل فوج کے ساتھہ موافقت کرے گا۔ اگر رجمٹ لائین مین ہو تو سکاؤٹ اپنے اپنے سکوڈرن کے سنٹر کے فرنٹ مین جاوین گے۔ اگر کالم مین ہوگی تو اس فلنک کی جانب کہ جس طرف حکم ہوا ہے۔ لیڈنگ سکوڈرن ایک ایڈ سکاؤٹ کالم کے سامنے کے واسطے بہیجے گا۔ انکا فاصلہ لائین کے فرنٹ مین زمین اور اُس قدم پر منحصر ہے کہ جس سے رجمٹ جارہی ہے۔ ایک عام قاعدہ یہ ہے کہ دو سو گز سے کم اور پانچسو گز سے زیادہ سکوڈرن کے آگے نہونگے اُن کا یہ کام ہے کہ اُس زمین کو ریکانائٹر کرین کہ جس سے سکوڈرن نے گذرنا ہے اور اشاروں سے رکاوٹون کو بتلادین اور عمدہ راستون کو تلاش کرکے دکہلادین

مثلاً اگر زمین لہلہاتی یا ٹوٹی ہو تو سکاوٹ ہالٹ کرین اور اپنی کرچ کو یا بلم کو سیدھا اٹھا کر بتلا دین اور اُس سمت کو کرچ یا بلم سے دکھلا دین کہ جس طرف سے رکاوٹ کو بچ کر سکوڈرن بخوبی چل سکتا ہو۔

سکاوٹون کو ان اشارون سے پوری پوری واقفیت حاصل کرنی ضروری ہے۔

(۴) - وہ قریب والی بلندی پر جسقدر جلد ہو سکے چڑھ جاوین اور ایسی جگہ پر استادہ ہون کہ وہ فرنٹ کو بخوبی دیکھ سکین اور دشمن اُنکو نہ دیکھ سکتا ہو۔

(۵) - گراونڈ سکاوٹ جس قدر عرصہ تک ممکن ہو سکوڈرن سے باہر رہ سکتی ہین اور قبل مقابلہ ہو جانے کے فرنٹ کی زمین کو صاف کرین اور اگر ممکن ہو حملہ مین شامل ہو جاوین۔

سکاوٹ کو اس امر کا خیال رہے کہ سب سکوڈرن کی جانب واپس آوین اور دلیل مین وہ ریلی کے بگل پر بلائے جا سکتے ہین۔

(۶) - رسالہ کو سکاوٹ لگانے کی عادت کرنا واسطے ریکانائٹر کے قبل اسکے کہ وہ آگے بڑھے اس قدر مفید ہے کہ کوئی کام لڑائی کا بغیر سکاوٹ نکالنے کے نہ کیا جاوے یہ سکاوٹ اُس زمین کو ریکانائٹر کرتے ہین کہ جسپر سے لائن یا کالم نے جانا ہے (حصہ سیوم باب ۸ - فقرہ ۱۰)

(۷) - رجمنٹ کے پریڈ کے کام مین ایک ہشیار عہدہ دار سکاوٹ کے ساتھ واسطے عام نگرانی کے بھیجنا چاہیئے۔

(۸) - یہ یاد رکھنا نہایت ضروری ہے کہ گراونڈ سکاوٹ کا کام اصل فوج کے قریب کی زمین کے امتحان کرنے پر محدود ہے - اگر وہ اس قدر دور اصل فوج سے چلے جاوین کہ نظر سے غائب ہو جاوین وہ اپنی خبر رسانی کے کام مین قاصر ہون گے۔

جب یہ ضروری ہو کہ دشمن کی حرکات کی بابت فاصلہ سے خبر لی جاوے یا ایک اڈوانس

کرتے ہوئے رسالہ کے فلنکون کو بچایا جاوے تو ریکانائٹرنگ گروپ یا افسرون کی پٹرول روانہ کی جاوے یہ بالکل گراونڈ سکاوٹ کے کام سے ایک علیحدہ کام ہے۔

باب ۱۲

ریکانائٹرنگ گروپ

(۱)۔ تمام جماعتین رسالہ کی جو دشمن کے سامنے لڑائی کا کام کر رہی ہون علاوہ گراونڈ سکاوٹ کے ریکانائٹرنگ گروپ فرنٹ اور فلنکون اور ریر کو روانہ کرین گے۔

(۲)۔ تعداد مع غیرہ ان جماعتون کی اور فاصلہ جو اون کو رکھنا چاہیئے موافق زمین اور نفری اُس فوج کے جو اون کو روانہ کرتی ہے مختلف ہونی چاہیئے۔
بحالت ایک رجمنٹ۔ یا برگیڈ یا ڈیویژن کے بہت سی جماعتین جس مین بعض زیر کمان افسرون کے ہون۔ روانہ کی جاوین۔ بحالت برگیڈ یا ڈیویژن ایک جماعت مع افسر کم از کم ہر ایک لاین سے نکالی جائے۔ بصورت ایک تنہا سکوڈرن کے جو کام کرتا ہو دو یا تین جوان فرنٹ اور ہر ایک فلنک کو زیر کمان ایک ہوشیار عہدہ دار کے عموماً کافی ہون گے۔

(۳)۔ اُن کا یہ کام ہے کہ دشمن کی حرکات اور جگہہ کی نسبت اطلاع دین اور خیال رکھین کہ حملہ کرنے کے مطلب سے دشمن اصل فوج کے فلنک کیطرف نہ آجاوے۔

(۴)۔ اگر موقع حملہ کا یا دشمن کے فلنک کے ہٹانے کا ملے تو اس کی اطلاع دین۔ یہ یاد رہے کہ دشمن کے سامنے ایک بڑی گھوم کر حرکت کرنا خوفناک ہے۔ کیونکہ ایسے کرنے سے اپنا فلنک کھل جاتا ہے اور دشمن کو حملہ کرنیکا موقع ملتا ہے۔

(۵)۔ جب حملہ ہو رہا ہو ریکانائٹرنگ کرنے والے اپنے اپنے کام مین مشغول

رہین اور گراونڈ سکاوٹ کی طرف ہلہ مین شامل نہ ہون سوائے خاص ضرورت
کے (حصہ سیوم - باب ۱۰ - فقرہ - ۱)

باب ۲۲
ڈسمونٹڈ فٹ ڈیوٹینیز

(۱) - رسالہ کو بندوق دینے کا یہ مطلب ہے کہ اپنے کام کو بغیر مدد دوسری فوج مثلاً توپخانہ و پیدل پلٹن وغیرہ کے خود کرنے کے قابل ہون اور اپنی مطلب برآری ایسے حالات مین کہ سوار ہو کر لڑائی کر کے حاصل نہ کر سکین ڈسمونٹ ہو کر کرین - مندرجہ ذیل کامون مین رسالہ ڈسمونٹ ہو کر کارروائی کر سکتا ہے -

الف - پیدل پلٹن کے پہونچنے تک کسی مقام پر قبضہ رکھنا -

ب - کسی تنگ راستہ کو جو اڈوانس کو روکتا ہو اور جس کے گرد ہو کر نکل جانے سے دیر لگ جائے کہول دینا -

ت - واپسی مین دشمن کو مقابلہ کر کے ڈہلائی کرنا تا کہ وقت مل جاوے -

ج - شکست یافتہ رسالہ کو جو تنگ جگہہ سے واپس آ رہا ہو مدد دینا -

د - کیمپ وغیرہ کی حفاظت کرنا -

(۲) - ذیل کے عام قواعد یاد کرنے ضروری ہین -

الف - رسالہ ایسی جگہہ ڈسمونٹ نہ کیا جاوے کہ جس جگہہ دشمن کے رسالہ کو اوپر ہلہ کرنے کا موقع میسر کر وہ سوار ہو کر حملہ آور ان کو ملین دیا جاوے -

ب - بہ حالت ڈسمونٹ کے وہ جسقدر پکڑے ہوئے گہوڑون کے نزدیک ہون گے اسیقدر بہتر ہوگا کیونکہ وہ بہت جلد جمع ہو سکتے ہین اور مونٹ ہو سکتے ہین - مگر

پکڑے ہوئے گھوڑے اور سوار اسکاوٹ اگر ممکن ہو ڈسمونٹ شدہ جوانون کے سیدہی ریر مین نہون ۔ اگر گولی کی مار سے بچنے کے واسطے جو ڈسمونٹ جوانون پر چلائے جاوین کوئی آڑ نہو تو اسکاوٹ پکڑے ہوئے گھوڑون کے فلنک پر جگہہ لین تاکہ اگر بہ حالت ضرورت کے ہلہ کر سکین ۔ کیسی حالت مین وہ سیدہے فرنٹ اور ریر مین نہ ہون ۔

ت ۔ کاربائن صرف پیدل مین استعمال کی جاوین گی یا سواری مین صرف الارم دینے کے واسطے ۔

(۳) ۔ رسالہ کو پیدل ہو کر جنگ کرنا صرف ضرورت کے لیئے ہے اور اُس وقت کرنا لازم ہے کہ جب سوار ہو کر لڑنا اچھا نہ ہو ۔ مگر جب ڈسمونٹ ہو کر جنگ کیا جائے تو زور سے اور کل فوج موجودہ سے کرنا واجب ہے ۔

(۴) ۔ رسالہ کو نہ تو اسقدر طاقت ہے کہ بہت دیر تک بندوق سے لڑائی کرے اور نہ اس قسم کی فوج سے یہہ مطلب ہے کہ وہ ایسا کرے ۔ عموماً بغیر نقصان وقت کے کامیابی حاصل کی جائے ۔ رسالہ کو ناگہان ہلہ کرنے کی سبقت حاصل ہے اور حالت شکست کے وہ اپنی حرکت کے باعث سے زیادہ خرابی کا متحمل نہیں ہو سکتا ۔

(نوٹ) ذیل کے قاعدون مین فاصلہ پکڑے ہوئے گہوڑون کا ڈسمونٹ شدہ جوانون سے اور دیگر اسی قسم کے اندازے اصل اصل تحریر ہوئے ہین صرف اُس حالت مین کہ جب قواعد دان فوج جو حال کے عمدہ ہتہیارون سے مسلحہ ہین مقابلہ ہو جاوے ۔ مگر جب وحشی قومون کے ساتہہ لڑنے کا موقع ہو جاوے تو یہ فاصلے کسی خاص حالت کے موافق کم کر سکتے ہین ۔ کیونکہ دشمن کے پاس دور تک مار کرنے والی بندوقین نہ ہون گی اور اگر ہون بہی تو غالباً وہ ان کا استعمال نہ جانتے ہون گے ۔

(۵) ہر ایک گہوڑے کو بندوق چلتے وقت چپ چاپ کہڑے رہنا سکہلایا جاوے

جب اس کا ڈسمونٹ شدہ سوار اُسکے ایک پہلو پر یا فرنٹ مین بندوق چلاوے - اکثر گہوڑے تہوڑی مشق سے جب گولیان ان کے پاس چل رہی ہون آرام سے کہڑے رہتے ہین - رفتہ رفتہ اُن کے اُس پن کے گہوڑون کی تعداد کم کرنے سے چمکیلے گہوڑے تہوڑے سی وقت مین جب رینک سے باہر ہو جاوین چپ چاپ کہڑے رہین گے - تمام حالتون مین نرمی اور استقلالی کام مین لائی جاوے اور کسی قسم کی مار پیٹ نہ کی جاوے -

(۶) - قاعدے سکہلانے - مفصل قواعد فائرنگ اگزرسائیز - ججنگ ڈسٹنس - ٹارگٹ پرکٹس وغیرہ کے سکراٹی ریگولیشن مین مندرج ہین -

(۷) - تمام ڈسمونٹ کامون مین یہ یاد رکہنا چاہیئے کہ بندوق کا چلنا بحکم ٹولی کہانیر کے ہوا سلیئے کسی ڈرل یا پریڈ مین بندوق بغیر خاص کمان کے نہ چلائی جاویگی - تعداد روندون یا والی کی جو چلانے ہون اور نام جوانون اور ٹولیون کا ہمیشہ بولا جاوے گا مثلاً فلان فلان سوار - دو (تین یا زیادہ) روند - یا نمبر فلان فلان گروپ - فائیر ای والی -

(۸) - سواری دلیل ڈسمونٹ دلیل کے واسطے کم مدد کی جاوے گی - اس لیئے جوانونکو سکہلانے کے واسطے پیدل پریڈ کرائی جاوے - بعد مشق سواری قواعد مین ہلکر ہوسکتی ہے -

(۹) - زمین - درختون - پہاڑیون - دیوارون وغیرہ سے فائدہ اُٹہانے کا طریقہ جوانون کو فرداً فرداً سکہلایا جاوے یا تین یا چار جوانون کی ٹولیان بنا کر - پہر گروپ مین - جو گروپ لیڈر کی کمان یا اشارے سے پہلین گے اور بڑہین گے -

(۱۰) - بعد کو بلہ اور ریجاڈ کی مشق کرائی جاوے - جہان تک ممکن ہو زمین مختلف ہو اور بہ حالت ایک اڈوانی جگہہ کے یہ بتلانا ضروری ہے کہ کون مورچہ وغیرہ بنانیسے

بچاؤ عمدہ طور سے ہو سکتا ہے۔

(۱۱)- بعد اسکے بتلائی ہوئی جگہون سے واپس ہونے کی مشق کرائی جاوے گی اور نیز دو طرفین بنائی جاوین گی - ایک ہلہ کرنے والی اور دوسری بچاؤ کرنیوالی -

(۱۲)- یہ یاد رہے کہ رسالہ کے ہر ایک جوان کو متعدد کارتوس دیے جاتے ہین گولی سکم سے اور جھک کر چلانا نہایت ضروری ہوگا۔

(۱۳) ڈسمونٹ سکوڈرن کے بیان مین - ڈسمونٹ کام کے واسطے سکوڈرن کی اصل تقسیم حسب ذیل ہے -

الف - ڈسمونٹ شدہ جوان -

ب - سوار ہوئے اسکارٹ -

ت - پکڑے ہوئے گھوڑے -

(۱۴)- ڈسمونٹ ڈرل دو حصون پر منقسم ہے - اول عارضی دوم کچھ دیر تک رہنے والی -

پہلی یا عارضی ڈیوٹی مین نصف یا تین چوتھائی جوان ڈسمونٹ ہون اور باقی کے گھوڑے پکڑے رہین -

جب تین چوتھائی جوان ڈسمونٹ ہون اور سکوڈرن لین مین ہو تو یہ کمان دیجاویگی - ایٹ اسکٹون وودہ کاربائن ڈسمونٹ - اس حکم پر دو نو رینک کے آڈ نمبر ایک گھوڑے کا فاصلہ آگے بڑہین گے اور کل سوا ے نمبر ۳ ہر ایک رینک کے ڈسمونٹ ہون گے لنسر رسالون مین بلم دہنی بوکی مین رکہا جاوے اور دہنی قبور کے تسمہ کے ساتھ باندہا جاوے -

ایون نمبر ایک لائن مین آڈ نمبر کے ساتھ آگے بڑہین گے - نمبر ۲ و ۳ وہی اپنے قرنٹی کی باگون کو اوتار کر نمبر ۳ کو پکڑا دین گے - اور نمبر ا شمشیر ہٹانے اپنی باگین

نمبر ۳ کو - اپنے قزبی کی باگون کو نمبر ۲ کے گھوڑے کے گل تنی کے درمیان سے گذرانیگا - بعدہ ڈسمونٹ شدہ جوان افسرون کی لائن کے فرنٹ مین فارم ہون گے ریر رینک کی سکشن اپنی فرنٹ رینک کے سکشنون کے پیچھے کھڑے ہون گے ہر ایک فرنٹ اور ریر رینک کا سکشن ایک گروپ (ٹولی) بنا دے گا - اور ایک عہدہ دار یا پرانا سوار اپنی گروپ کا لیڈر ہوگا اور گروپون کو نمبر رائٹ سے دیا جاویگا -

(۱۵) - اڑتالیس فائل کے سکوڈرن مین رائٹ ترپ گروپ کا نمبر ایک سے چھ تک اور لفٹ ترپ کا سات سے بارہ تک ہوگا - ہر ایک ترپ زیر کمان ایک ترپ لیڈر کے ہونا چاہیئے -

سکوڈرن لیڈر یا ایک افسر مقرر کردہ مع ایک ترم نواز کے کل کی کمان کرے گا -

(۱۶) - جب صرف نصف جوانون کو ڈسمونٹ کرنا منظور ہو اور سکوڈرن لین مین ہو تو ذیل کی کمان دی جاوے گی -

آڈ (یا ایون) نمبر ودہ کارہائین ڈسمونٹ - جب آڈ یا ایون نمبر ایک گھوڑے کا فاصلہ بڑہین تو ڈسمونٹ ہوکر فارم کرین اور بموجب مقروہ ۱۴ کے ٹل اُف کیا جاوے -

(۱۷) - سکوڈرن لیڈر کا گھوڑا سکوڈرن گائیڈ اور ترپ لیڈر کا گھوڑا ترپ سر فائل اور ٹرمپیٹر کا گھوڑا نعلبند پکڑے گا -

(۱۸) - جب کمان سٹنڈ ٹو یور ہارسس کی کسی وقت ڈسمونٹ شدہ جوانون کو دیجاوے تو وہ فوراً اٹنشن مین قائم ہونگے - مونٹ کے بگل پر جوان ٹرن ابوٹ کر کے اپنے گھوڑون کی جانب ڈبل کرین گے (بشرطیکہ ڈسمونٹ شدہ جوانون کا کمانیر کوئیک مارچ سے آنے کا حکم نہ دے) اپنے گھوڑون کو ایک گھوڑے کا فاصلہ آگے بڑھاوین گے - اور جسقدر جلد ہو سکے سوار ہو جاوین گے اور سوار ہوتے ہی اپنی بندوق کو توبری مین ڈالین گے اور وہ جوان جو مونٹ رہے ہون اپنی جگہہ پر مل جاوین گے

سرخایل اپنی اپنی جگہہ کو سکوڈرن مین چلے جاوین گے۔

(۱۹) - شرکون پر جب رسالہ کالم آف روٹ مین ہو اگر فرنٹ کی جانب بندوق کا فایر کرنا ہو دوسرا تیسرا یا چوتھا سکوڈرن ڈسمونٹ ہوگا - لیڈنگ سکوڈرن کو مونٹ رہنے دین -

کالم آف روٹ مین جو فورز مین ہو بائی سکشن یا آڈ یا ایون نمبر سے ڈسمونٹ ہو سکتا ہے جیسے کہ لائن مین کرتے ہین اگر فرنٹ یا ایک فلنک پر درکار ہون - گو جوان نے زانو سے زانو تک کافی فاصلہ ڈسمونٹ ہونے کے واسطے نہ رکھتے ہون - رائٹ یا لفٹ پاس کرنے سے بآسانی ڈسمونٹ ہو کر گہوڑون مین سے ہو کر ایک فلنک کو فرنٹ رینک اندرونی فلنک سے اور ریر رینک بیرونی فلنک سے آسکتے ہین -

جب ڈسمونٹ ہو جاوین لیڈنگ فورز کے جوان سنگل رینک مین ایک کافی فاصلہ کالم کے فرنٹ سے رکھکر اور اپنے سنٹر کو کلوز کر کے فارم ہون گے - دونو فرنٹ اور ریر رینک کے تمام جوان باقیماندہ سکشنون کے اُس سکشن کے ریر مین کہ جس کو وہ بحالت مونٹ کے کور کرتے ہین فارم کرین گے اور اسی طرح سے گروپس ان کالم یعنی کالم آف گروپس مین فارم کر کے کہڑے ہون گے - اگر اندرونی فلنک کو کام کرنا ہو تو کالم وہیل ان ٹو لائن کر کے مثل لائن کے ڈسمونٹ کرایا جا سکتا ہے - کالم آف سکشن مین جوان ڈسمونٹ ہو کر کالم آف گروپس مین اسی طرح پر فارم ہون گے جیسے کہ فورز مین لکہا گیا ہے اور یہ کمان دی جاوے گی - بائی سکشن وہ کاربائن ڈسمونٹ یا آڈ یا ایون نمبر - وہ کاربائن ڈسمونٹ جیسے کہ تین یا دو جوان فی سکشن ڈسمونٹ کرنے کی ضرورت ہو -

ہاف سکشن مین بائین والے جوان ڈسمونٹ ہو کر کالم آف گروپس مین فارم ہونگے ہر ایک فورز کے جوان ایک جگہہ ملین گے اور کمان اُن کی یہ ہوگی - لفٹ

فائلیس ووہ کا ربائین ڈسمونٹ۔
اگر جوانون کو اُس جگہہ سے کہ جہان وہ کہڑے ہین فلنک پر کام کرنا ہو تو یہ کمان دینی
چاہیئے۔
رائٹ (یا لفٹ) فائلیس ان یو را ون گراؤنڈ ووہ کا ربائین ڈسمونٹ۔
اس حکم پر جوان باہر کیطرف ٹرن کرین گے اور کہڑے رہین گے جب تک کہ اون کو
دوسرا حکم نہ ملے۔
نوٹ۔ جب ڈسمونٹ کام کرنا ہو تو کاربائن ہمیشہ سوائے بہرنے اور چلانیکے
ٹریل مین رہے گی۔
اس ڈسمونٹ کام اور پریڈ کے پیدل کام مین نہایت فرق ہے لہذا اُن مین تمیز
رکھنی ضروری ہے۔
(۲۰)۔ جب تمام سکوڈرن اکیلا ڈسمونٹ کام مین لگا یا جاوے ہوگا ہے گا ہے
ہو گا چند جوان علاوہ ان کے جو گہوڑے پکڑے ہوئے ہین مونٹ رہین تا کہ فلنک
وغیرہ کی حفاظت کرین اور ایک سلسلہ درمیان پکڑے ہوئے گہوڑون اور ڈسمونٹ
شدہ جوانون مین رکہا جاوے۔
(۲۱)۔ پکڑے ہوئے گہوڑے جہان تک ممکن ہو زیر کمان ایک افسر کے ہون
اور وہ اس امر کا جوابدہ ہوگا ڈسمونٹ شدہ جوانون کے ساتھ ایک آمد و رفت
قائیم رہے۔
(۲۲)۔ ڈسمونٹ شدہ جوانون کے لیڈر کو ایک سیٹی رکھنے کی اجازت ہے
تا کہ اپنے اشارون کیطرف توجہ دلانے کے مطلب سے اس کو کام مین لاوین۔
صرف مندرجہ ذیل بگل بجائے جاوین گے۔ اخیری دوڑ کے واسطے چارج
اور مونٹ۔

(۲۳) - دوسری یا کچہ عرصہ تک رہنے والی ڈیوٹی مثل بچاؤ کسی کارآمد جگہہ کا جو رسالہ سے جلدی سے لیلی ہو اور ارادہ ہو کہ تاوقتیکہ بدیل بلٹن آجاوے اُسکو اپنے قبضہ مین رکہا جائے تو اس حالت مین کل جوان ڈسمونٹ کیئے جاوین اور گہوڑے ایک دوسرے کے ساتہہ وصل کرین - ایک سکوڈرن فی رجمنٹ واسطے حفاظت گہوڑون کے مونٹ رہے گا - اس صورت مین گہوڑے خوب ریر کو اور ایک بچاؤ کی جگہہ مین ہونے چاہئین -

(۲۴) - ٹولنک ہارسس - پری پیر ٹو ڈسمونٹ -

ایون نمبر ہر ایک رینک کے ایک گہوڑے کا فاصلہ رین بیک کرین اور ڈسمونٹ کے حکم پر تمام معمولی قاعدہ سے ڈسمونٹ ہو جاوین - ایون نمبر اپنے گہوڑون کو لین مین دیدین ہر ایک جوان ایک قدم فرنٹ کو لیکر ٹرن ابوٹ کرے اور اپنے گہوڑے کی باگڈور کہولکر باگون کے درمیان سے گذرانے اور پہر رائٹ سے لفٹ کو اپنے پاس کے گہوڑے کی باگون سے نکالے اور بعد گزرانے بائین والے گہوڑے کی پوزی کے کڑے کے اُسکے سرے کو اپنے گہوڑے کی پوزی کے کڑے سے گرہ دیدے بعدہ جیسے کہ بتلایا گیا ہے جوان فارم کوین گے -

اگر وہ کسی کام کے واسطے بلائے جاوین تو ایک کافی گارڈ ہمیشہ گہوڑون کی نگرانی کے لیئے چہوڑا جاوے -

باگڈورین اس طرح سے باندہی جاوین کہ وصلشدہ گہوڑون کے سر ایک گز سے زیادہ الگ نہ ہون -

(۲۵) - ڈسمونٹ شدہ جوان - یہ حالات پر منحصر ہے کہ آیا کل جوان ڈسمونٹ شدہ یک لخت کام مین لائے جاوین یا سپورٹ پیچہے رکہی جاوے - افسر کمان کرنیوالا کو اسکا فیصلہ کر لینا چاہیئے -

(۲۶) - جوان مندرجۂ ذیل طریقون سے پھیلائے جاوین -

الف - وہ کارگر فیر کرنے کے قابل ہون -

ب - جہان تک ممکن ہو وہ کسی آڑ مین ہون - دریسی اور فاصلہ کا کچھ خیال نہ کیا جائے سوائے اس کے کہ جوان قبضے مین ہون - جس طرح سے مناسب ہو خواہ لیٹ کر خواہ گھٹنے ٹیک کر خواہ بیٹھ کر خواہ کھڑے ہو کر فایر کرین -

(۲۷) - ترپ لیڈرون اور گروپ لیڈرون کی جگہہ بندوق چلانے والون کے زیر مین ہوگی - خواہ اُس جگہہ جہان کہ وہ اپنا کام بہ خوبی انجام دے سکتے ہون - مگر چینج آف ڈرکشن یا اڈوانس مین جب بندوق چل رہی ہو اون کو فرنٹ مین لیڈ یعنی رہنمائی کرنی چاہیئے -

(۲۸) - تمام موومنٹ واک سے ہون گے اور ڈبل کرنا گاہے گاہے ہوگا -

(۲۹) - سکوڈرن اور ترپ لیڈر گولی چلانے کا حکم دین گے اور نشانہ اور فاصلہ بتلا دین گے اور ان کی کرانین گروپ لیڈر دہراوین گے - نشانے اچھی طرح سے تاک کر لگائے جاوین اور جلدی سے کارتوس ضایع نہ کیئے جاوین - عموماً زیادہ فاصلہ والی چینز و نیپر بندوق چلانا بے سود ہوگا -

(۳۰) - عموماً سکرمشرز کی لاین پر جو پناہ والی جگہہ مین ہو تین سو ۳۰۰ سے لے کر ساڑھے تین سو ۳۵۰ گز سے زیادہ بندوق چلانا لا حاصل ہوگا - ایک بڑے نشانے پر آٹھ سو ۸۰۰ سے لیکر ایک ہزار گز تک فایر کر سکتے ہین - ذرا اخیری حملہ کے پیشتر جوانون کو انڈیپنڈنٹ فایرنگ کی اجازت دی جاوے اور کل اُور کامون مین تعداد راونڈ یا بار کی ضرور بتلائی جاوے گی - اگر جب چل رہے ہون بندوق چلانے کی اجازت نہ دی جاوے مگر بعض خاص حالات مین گروپ لیڈر اون جوانون کا نام اور نیز تعداد راونڈون کی جو موقع پر چلانے ہون بتلا دین گے

اگر ڈسمونٹ لڑائی کے شروعات مین دشمن کی تقسیم یا وہ زمین جسپر سے گذرنا ہے معلوم نہ دیتی ہو تو نہایت ضروری ہے کہ ایک حصہ ڈسمونٹ شدہ جوانون کا زیر کمان ایک ترپ لیڈر یا بڑے گروپ لیڈر کے سپورٹ بنایا جاوے۔ اور جب یہ دونو باتین معلوم ہو جائین تو سپورٹ یا تو کارآمد جگہہ پر فائر کرنے والی لائن کو تقویت دے یا ایک فلنک کے پھیلانے مین لگائی جاوے۔

(۳۲) - سپورٹ جہان تک ممکن ہو دشمن کی گولی کی مار سے پناہ لے اور فائرنگ لائن سے موافقت کرے اور جلد مدد دینے کے مطلب سے قریب رہے۔

(۳۳) ایڈوانس یعنی بڑھاؤ کا بیان۔ فائرنگ لائن ہر ایک قسم کی آڑ مین پناہ لے اور جہانتک ہو سکے دشمن کی جگہہ پہونچنے کی کوشش کرے اور جب تک بخوبی گولی مار نہ کر سکے بندوق نہ چلائین۔

(۳۴) - فرض کیا جائے کہ بڑھاؤ ایسی جگہہ کیا جائے کہ جہان آڑ نہ مل سکے تو بڑھاؤ متواتر لمبی دوڑ مین کیا جائے۔ جوان لیٹ کر بندوق چلائین اور بعد ایک قدرے وقفہ کے پھر آگے کو بڑھین۔

(۳۵) - جب فائرنگ لائن دشمن کی جگہہ قریب پہنچ جائے اور اون کی بندوقون نے خوب مار کی ہو تو چارج بجایا جائے اور آخری بڑھاؤ کیا جائے ڈسمونٹ شدہ جوانون کا کمانیر آگے ہوگا۔

اگر بڑھاؤ کامیاب ہو تو اُس جگہہ کے پرلے سرے پر فوراً قبضہ کیا جائے اور بھاگتے ہوئے دشمن پر باڑ چلائی جاوے۔

(۳۶) - بعد بڑھاؤ کے ڈسمونٹ کا کام موقوف ہوگا اور رسالہ سوار کیا جاویگا۔

(۳۷) - ڈیفنس یعنی بچاؤ کا بیان - آڑ کے کل فایدون سے بمقابلہ دشمن کے گولی کی مار کے مستفید ہون یعنی اوّل گولی چلانے کا بندوبست کیا جائے اور بعد کو

بعدہٗ اسکا یہ فرض ہے کہ ڈسمونٹ شدہ جوانون کے کمانیر کو کپڑے ہوئے گہوڑون کی جگہہ کی خبر دیتا رہے۔

(۴۸)۔ اگر دشمن کو دہوکہ دینا منظور ہو تاکہ یہ معلوم نہ کر سکے کہ آیا پیدل پلٹن یا رسالہ ہے تو گہوڑے چہپاکے رکھے جاوین۔

(۴۹)۔ اگر سکوڈرن لیڈر مونٹ بجوادے جب وہ خود ڈسمونٹ شدہ جوانون کے پاس نہو تو اُسے یہ سمجہا جاوے گا کہ یہ جوانون کو گہوڑون کے پاس آنے کا اشارہ ہے مگر وہ ڈسمونٹ شدہ جوان کے کمانیر کے حکم سے آدینگے جیسے کہ وہ مناسب خیال کرے کو یک مارچ یا ڈبل سے چلنے کا حکم دے گا۔

جب مونٹ بجے تو کپڑے ہوئے گہوڑے ڈسمونٹ شدہ جوانون کے پاس لائے جاوین۔

باب ۶

تیاری حملہ کے بیان مین

(۱)۔ رسالہ کی فارمیشن واسطے حملہ کے موافق اُس دشمن کے ہونی چاہیئے کہ جسے مقابلہ کرنا ہے اور نیز زمین کا جس پر کہ چلنا ہے خیال رہے۔ اگر زمین کا اوّل کچہہ حال معلوم نہ ہو تو پیشتر حملہ کے اسکا ریکانائیٹر کر لیا جائے۔

تمام قواعدمین قبل از حملہ ہمیشہ گراونڈ سکاوٹ رسالے کے آگے ہون۔ (حصہ دوم باب ۲۰) اور فرنٹ اور فلنک بہی ریکانائٹرنگ گروپس سے محفوظ رہین (حصہ دوم باب ۲۱)

دونو گراونڈ سکاوٹ اور ریکانائٹرنگ گروپ رسالہ کے واسطے نہایت کارآمد ہین اسلیئے فوج کو اُنسے پوری واقفیت پیدا کرنی چاہیئے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ

وہ ایک بڑھتے ہوئے رسالہ کے فرنٹ مین اخیر وقت تک ہین تاکہ زمین کا امتحان
کرین - یہ یاد رہے کہ تاہم مین قبل اسکے کہ دشمن سے مقابلہ ہوجائے وہ اصل فوج سے
شامل ہوجائین - معمولی ڈرل مین جب دشمن نہ بتلایا گیا ہو وہ فرنٹ کو دونو فلنک
کیطرف گیلپ سے جاوینگے اور جب چارج بجے لائین کے لفٹ اور رائٹ پرجاوین
جس وقت لائین ری ٹائر کرے ریکانائٹرنگ کرنے والی جماعتین دشمن کیطرف
دیکھ بہال کرین - مگر اڈ ٹنڈ سکاوٹ جیسے کہ اڈوونس مین ہوتا ہے سکوڈرن کے
آگے چلینگے -

(۲) - عمدہ سے عمدہ رسالہ بعد کامیاب حملہ کے بھی گڑبڑہ ہوتا ہے اور یہ نہائت
ضروری ہے کہ ایک تازہ دم فوج اُس کی مدد اور پناہ دینے کے واسطے موجود
رہے - حملہ ایسے فارمیشن مین کیا جائے کہ کہلا فلنک ایک فلنک سپورٹ سے
محفوظ رہے اور جہانتک ممکن ہو ریزرو بھی -

(۳) - یہ خیال مین نہین آتا کہ جب رسالہ کو حملے کی جگہہ معلوم ہوجائے تو وہ
ایسی فارمیشن لائین مین ہوجائے کہ جو اصل حملہ کے واسطے ضروری ہوتی ہے -
یہ نہائت ضروری ہے کہ اڈوونس کے لیئے ایسی فارمیشن بنائی جاوے جسے کہ
خراب اور ٹوٹی پھوٹی زمین مین اور فوجون کے انٹروَل مین سے ہوکر نکل
جاسکین - اور نیز دشمن کی گولہ باری سے آڑ مل سکے - اصل حملہ کے واسطے
لائین کی فارمیشن ہوتی ہے - سکوڈرن کالم فارمیشن سے رسالہ کا ٹوٹون سے
باسانی تمام گذر سکتا ہے - زمین کی ناہمواری اور آڑ سے فائدہ اوٹھا سکتا ہے
اور چلتے ہوئے بغیر وقت کے ڈرکشن بدل سکتا ہے - کمانیر ہر ایک سکوڈرن کا
اس بات کا جوابدہ ہوگا کہ سیدہائی اور تفاوت جہانتک ممکن ہو درست رہے
تاکہ کسی موقع میں ایک درست لائین بنا سکے اور سکوڈرن کو ایک اچھے راستے سے

لے جاوے جہان دشمن کی گولہ باری سے آڑ مل سکے (حصہ سیوم باب ۹ فقرہ ۱۹)۔
علاوہ مذکورہ بالا فارمیشنون کے جو خراب زمین وغیرہ مین بنائی جاوین گی۔ فلنک سے
بریک اپ ہونا اور فرنٹ مین پھر لائن بنانے کی مشق بغیر کسی خاص حکم تعداد فائل کے
جنہون نے الگ ہٹنا ہو یا موقعون کی کہ یہ کب ہونا چاہیئے کرائی جاوے ۔ یہ بھی
ریر رینک کے واسطے مناسب ہے کہ خراب زمین سے گذر جانے کے وقت
ٹیک آرڈر کرے۔
جب ضروری خیال کرین سکوڈرن لیڈر یہ کام کرائین کیونکہ وہ اس امر کے جوابدہ
ہون گے کہ مشکلات زمین یا رکاوٹون کے باعث سے اُن کے سکوڈرن میں ابتری
نہ ہونے پاوے۔ جب سکوڈرن کالم مین چل رہے ہون ریر ترپون کو دگنا فاصلہ
رکھنے کا پیشتر کہ وہ ٹیک آرڈر کرین حکم دیا جاوے۔
(۵)۔ قبل تیاری تک کے رسالہ کے واسطے ایک جگہ جمع ہونا نہائیت عمدہ ہوگا۔
صرف ضروری ضروری جوان باہر نکالے جاوین۔

رسالہ کا رسالہ کے ساتھ مقابلہ

(۶) ۔ اس بات کا نہائیت خیال رہے کہ جب رسالہ پر حملہ ہو تو وہ ہالٹ کیئے
نہ رہے۔ ایک جگہہ ہالٹ کیئے رہنے اور دشمن کے رسالہ کو حملہ کرنے دینے سے
رسالہ کو ضرور شکست ہوگی ۔
حرکات کی تیزی اور قواعد کے ہنر سے اکثر حالتون مین گو تعداد کم کیون نہ ہو
بچاؤ رہے گا۔
(۷)۔ رسالہ کے ہر ایک فارمیشن مین فلنک کو خطرہ ہے یعنے اُسپر نقصان
پہنچ سکتا ہے۔

یہ ضرور ہے کہ فلنک پر اور فرنٹ اور فلنک پر ایک وقت حملے کیئے جاوین اسواسطے ایسے حملون کے روکنے کا تدارک کیا جاوے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایک بڑھتے ہوئے فلنکون پر ہمیشہ ریکانائٹرنگ گروپ بھیجا جاوے تاکہ دشمن فلنک پر اچانک نہ آپڑے۔

رسالہ کا توپخانہ سے مقابلہ

(۸)۔ توپخانہ پر جب توپین چلنے کو تیار نہون اور ابھی پیٹی سے الگ نہ ہوئی ہون موقع دیکھکر حملہ کیا جائے اسواسطے یہ ضروری نہین ہے کہ کوئی خاص قاعدہ اُس کے واسطے لکھا جاوے۔

(۹)۔ رسالہ کا یہ کام ہوگا کہ توپخانہ پر جب توپین چل رہی ہون حملہ کرے اور ایسی تجویز حملہ کے واسطے کی جاوے کہ توپون سے کم نقصان پہونچے اور جہانتک ہوسکے توپخانہ پر فلنک یا ریر سے حملہ کیا جائے۔

(۱۰)۔ جس توپخانہ کے ساتھہ اَور فوج کا اسکارٹ ہو تو اُس حالت مین ایک توپخانہ پر حملہ کیا جائے اور دوسرے اسکارٹ پر۔ توپخانہ پر کسٹنڈ آرڈر یعنی پھیل کر حملہ کیا جاوے (حصہ دوم باب ۱۹ فقرہ ۱۹)

(۱۱) توپخانہ پر جب توپین چل رہی ہون تو حسب ذیل حملہ کیا جاوے گا۔

الف۔ یا تو اون کو ایسا دق کیا جائے کہ توپین چلنے سے بند ہو جائین، اور دوسری جگہہ کو چلی جاوین۔

ب۔ یا یہ ارادہ ہو کہ توپین پکڑلے جاوین یا اون کو ایسا کیا جائے کہ چلنے کے قابل نہ رہین۔

(۱۲)۔ توپخانہ کے حملہ مین وسعت زمین سے جہان کہ توپین لگی ہون یہ معلوم

ہوجاوے گا کہ ایک یا زیادہ سکوڈرن فرنٹ کے حملے کے واسطے پھیلانا چاہیے۔ فرنٹ
کے حملہ کے ساتھہ اسکارٹ پر بھی حملہ کرنا ضرور ہے۔

اگر توپخانہ ری ٹائیر کرے تو سکوڈرن اکسٹنڈڈ آرڈر مین فوراً حملہ کرے اور ایک یا دونو
فلنک کیطرف کلوز کرے۔

جب اکسٹنڈڈ فائل مین جوان پیل پے ہون تو لیڈر کے اشارے سے رائٹ یا لفٹ
شولڈر کرنیکا کام اون کو سکھلایا جاوے تاکہ توپخانہ کو گھیر کر اوس کے فلنک اور ریر
پر حملہ کرین۔

جوانون کو ایک جگہہ جمع نہ ہونا چاہیے کیونکہ اون کو گولہ باری سے نقصان پہونچے گا
اور اپنے ہتھیارون کو اچھی طرح سے کام مین نہ لاسکین گے۔ سپورٹ والے اسکوڈرن بھی
گیلپ سے اڈونس کرین اور جہان تک ہوسکے اوس سے فائیر اوٹھا مین تاکہ توپونکی
مار سے بچین اور اسکارٹ اور ٹیٹی کے سامنے مٹوور کرین تاکہ فلنک اور ریر پر جا پہونچین
اور سکوڈرن کو جو اکسٹنڈڈ آرڈر مین ہو کر توپون پر حملہ کرنا ہو بچاوے اگر ممکن ہو
وہ توپون اور ٹیٹیون کے درمیان آجاوین۔ جب موقع اچھا ہو تو سواری کا حملہ
جو توپخانہ پر کیا جاوے بعض اوقات ڈسمونٹ شدہ جوانون کے فائیر سے مدد
دیجایا جاوے۔

اگر یہ ارادہ ہو کہ توپخانہ کو اپنے قبضے مین کر لیا جاوے یا اوس کو اور گولہ باری سے
روک لیا جاوے تو رسالہ کو اوس پر چارونطرف سے حملہ کرنا چاہیے۔ سکوڈرن اکسٹنڈڈ آرڈر
مین فارم کیئے جاوین اور بغیر خیال ایک دوسرے کے جیسے کہ زمین ہو حملہ کرین۔ ایسی
گولہ باری سے نقصان بہت کم ہوگا اور اگر حملہ زور سے کیا جاوے گا تو کامیابی
ضرور ہوگی۔

(نوٹ)۔ اگرچہ یہ ضروری ہو کہ توپخانہ کی رفتار کو روک لیا جاوے اس سے

بہتر اور کوئی تجویز نہ ہوگی ایک بم کا گھوڑا گولی سے مار دیا جاوے۔

رسالہ کا مقابلہ پیدل پلٹن سے

(۱۳) - یہ قاعدہ ہے کہ پیدل پلٹن پر حملہ مندرجہ ذیل حالات مین کیا جائے۔

الف - جب پیدل پلٹن گھبرا جائے یا عمدہ قواعد دان نہ ہو تو ایسی حالت مین رسالہ جس وقت چاہے اُس کو مار سکتا ہے۔

ب - جب رسالہ حالت زمین کے باعث یا دھند و کہر کے سبب سے بغیر معلوم کیے جانے کے پلٹن کے قریب پہونچ جاوے اور اُس پر ناگہان اچانک سے آپڑے۔

ت - جب پلٹن تھک جائے یا مقابلہ کی پلٹن یا توپخانہ سے گولہ باری کی قدری شکست کھائی ہوئی ہو یا جب اُنکے کارتوس ختم ہو جائین۔

ج - رسالہ سکرمشرز پر حملہ کرنے کا اشارہ نہایت فائدہ سے کر سکتا ہے تاکہ اُنکے اڈوانس مین دیر ہو جائے اور وہ اُن کو کلوز کرائے جس سے بندوق اور توپخانہ کی بار اچھی طرح سے ہو سکتی ہے۔

(۱۴) - اچھا قاعدہ پیدل پلٹن پر حملہ کرنے کا یہ ہے کہ سکشن آف سکوڈرن یعنی متواتر سکوڈرن مین ایک بعد دوسرے کے ڈیڑھ سو[۱۵۰] یا دو سو[۲۰۰] گز فاصلہ سے اُنپر حملہ کیا جائے اول لائن دشمن پر بندوق چلائے گی اور دوسری اور تیسری یا چوتھی لائن پلٹن کو غالباً گرا دے گی اور یہ حالت اون کے زمین پر پڑ جانے کی تاکہ لائن اون کے اوپر سے گذر جائے وہ اون کو اُٹھتے اور فائر کرنے کے وقت مار دین گے۔

گیاپ بہ نسبت اُس گیاپ کے کہ رسالے کے مقابلہ مین ہوتا ہے جلد ہونا چاہیئے کھلی جگہہ مین سات سو یا آٹھ سو گز سے ڈبل انسلان آف سکوڈرن کی فارمیشن بعض اوقات فائدہ مند ہوگی

(۱۵) - پیدل پلٹن کی گولی کی مار ہمیشہ بائین فلنک پر بہ نسبت اپنی دہنی کے زیادہ ہوتی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر موقع ہو تو پیدل پلٹن کے رائٹ فلنک پر حملہ کرنا چاہیئے۔

پیدل پلٹن کی مار اکثر اونچی ہوتی ہے اس لیئے اگر دشمن کی جگہہ رسالے سے اونچی ہو تو رسالہ ایک قدرے چڑھائی کی جگہہ پر حملہ کرے تو اچھا ہوگا مگر کامیاب حملے کے واسطے تیز قدم اور پختہ ارادہ ضروری ہے۔ فقط

باب ۹
حملہ کرنے کے بیان مین

(۱) - صرف رسالہ نقصان پہونچانے مین استعمال کیا جاتا ہے اس واسطے تمام حرکات جنگی مشق کی جائے اون کا یہہ مطلب ہے کہ وہ کبھی کارآمد جگہہ پر حملہ کے واسطے رکھا جائے۔

چارج وہ حملہ ہے جو نہائت تیز قدم اور طاوٹ فائل سے کیا جاتا ہے تاکہ دشمن کو شکست دی جاوے۔

(۲) - کمان افسر صاحب ایسے قدم سے رجمنٹ کو لیڈ کرین کہ ہر ایک حصہ فوج کا اپنی حد ہائی کو ٹھیک ٹھیک قائم رکھے۔

(۳) - خواہ کتنے ہی فاصلہ پر جانا ہوگا یہ نہائت فائدہ مند ہوگا کہ وہ جگہہ جو

دشمن کی گولی کی مار کے اندر ہو نہایت سرعت اور تیز قدم سے طے کی جاوی جس وقت
رسالہ دشمن کی گولی کی مار کے اندر پہونچ جاوے اگر زمین قابل ہو تو لیڈر ایک
تیز ٹراٹ سے چلے حتیٰ کہ دشمن سے پانچ یا چھ سو گز کے فاصلہ سے رہ جاوے بعد کو
وہ حکم گیلپ کا دیگا اور رفتہ رفتہ قدم بڑہایا جاوے یہان تک کہ رسالہ پچاس
سے ستّر گز کے فاصلہ پر حملہ کرنے کی جگہہ سے رہ جاوے تو کمان چارج کی دی جاویگی
اور قدم اسقدر تیز کیا جاویگا کہ فارمیشن اور انتظام درست رہے - فاصلے
مندرجہ بالا سے یہہ سمجھا جاوے کہ وہ درباب ایسے حملہ کے ہین کہ جب کسی رسالہ
پر جو کھڑا ہو حملہ کرین -

اگر دشمن رسالہ کیطرف بڑھ رہا ہو اگر کمان افسر صاحب مناسب تصور کرین تو قدم
تیز کر لیا جائے تاکہ مقابلہ کے وقت بہت ہی تیز ہو جاوے - شروع اڈوانس کا
ہمیشہ سکوڈرن کالم سے کیا جائے اور لائن نہ بنائی جاوے جب تک کہ رخ اور تجویز
حملہ کا فیصلہ نہ کیا جاوے - یہ بھی نہایت فائدہ مند ہوگا کہ لائن ایک اچھے فاصلہ
پر دشمن سے بنائی جاوے تاکہ پیشتر اصل حملہ کے پورا پورا انتظام ہو جائے -

(۴۸) - چارج کے وقت فائیون کا مل جانا ہر ایک گھوڑے کو روکتا ہے - حالانکہ
اس موقع پر یہ نہایت ضروری ہے کہ گھوڑے زیادہ تیز قدم سے چلین -
ضرب کے وقت گو گھوڑے قابو مین رہین مگر اون کو اگر ضروری خیال کرین ران
اور کانٹھی سے ہرگز بڑہایا جاوے -

یکسان تیز قدم سے بہت کچھ فائدہ متصور ہے اس واسطے ایسا قدم نہ کیا جائے کہ
گھوڑے بیدم ہو جائین -

کل چارج مین ستر فائیل ہر ایک سکوڈرن کا گائیڈ کے پیچھے ہو اور جوان خاصکر ستر
پر درپے رکھین اور کھلین نہین اور فلنک بھی بڑھ نہ جاوے -

گھوڑے خوب اُن کے قابو مین ہون اور سر اُن کے سیدہے سامنے کو رہین اور اگر
فرنٹ رینک مین خالی جگہ ہو جاوے تو وہ ریر رینک کے جوانون سے بہر دیجاوے

(۵) ۔جب چارج کی ضرب سے دشمن کے انتظام مین خلل پڑجاوے تو سپورٹ
یا ریزرو اُس کا پرسوٹ یعنی تعاقب کرے ۔یہ نہایت فایدہ مند ہوگا کہ جب رسالہ
پرسوٹ کرے تو افسر کے قابو سے باہر نہ ہو جاوین اور جو سکوڈرن پرسوٹ کمے اُسکو
پیچھے ایک سپورٹ کلوز فارمیشن مین رہے۔

(۶) ۔اگر رسالہ اہلہ مین کامیاب نہ ہو تو سیدہے ریر کو واپس آجاوے ۔

(۷) ۔جب دشمن کے سیدہی فرنٹ پر ہلہ کیا جائے تو ہمیشہ اُس کے ایک یا دونو
فلنک پر تہچھے یا زاویہ قائمہ کے دونو اضلاع کے موافق ہلہ کرے (حصہ
چہارم باب ۳)

(۸) ۔جو اڈوئنس ہلہ کے پیشتر ہو۔ اُس مین کرچین سلوپ سورڈ اور بلم کیری لنس پر
رکھی جاوین گی ۔

لائین ول اڈوئنس کے حکم پر جو قبل از چارج گیلپ مین دیا جاوے گا فرنٹ رینک
اپنے بلم کو انگیج پر کرین گے اور چارج کے حکم پر کرچین انگیج پر لائی جاوین گی
(سوائے ریر رینک کے) اور جب قدم کم کیا جائے تو کرچین سلوپ اور بلم کیری
پر لائی جاوین ۔

عام قاعدے

(۹م) ۔رسالہ کے ہلہ کی کامیابی کے اصول یہ ہین کہ ہلہ موقع پر اور تیزی سے اور
اگر ممکن ہو اچانک کیا جائے ۔موقعی ہلہ رسالہ کے بعض عمدہ حالات مین بہت جلد
گذر جاتے ہین ۔جب ایسے موقعے پیش آوین تو اون سے فایدہ اوٹھایا جاوے
یہ نہایت ضروری ہے کہ اڈوئنس اور فلنک کے ریکانائٹرنگ گروپ ایسے موقع
کی تلاش مین رہین ۔

(۱۰) - رسالہ کو بے ضرورت توپخانہ یا پلٹن کی گولی کی مار کے درمیان نہ رکھا جائے مگر ایسے اگر موقعے ہو جاویں گے کہ اُس کو خواہ مخواہ گولہ باری کے اندر جانا ہوگا تاکہ اپنے نقصان سے مطلب براری کرے - مثلاً ایک نازک وقت پر دشمن کے اڈونس کو رُوکنا اور فوج کو مدد دینا - جب ایسے موقعے ملین تو رسالہ کے کمان افسر کو نقصان کا خیال نہ کر کے بے تامل حملہ کر دینا چاہیئے -

(۱۱) چونکہ آج کل گولی اور بندوق کی مار بہت دُور تک ہوتی ہے اسواسطے یہ نہایت ضروری ہے کہ رسالہ تیز قدم سے جب کھلی ہوئی زمین پر ہو حملہ کے واسطے اڈونس کرے تاکہ اوس وقت کو جو گولہ کے مار کی جگہہ کے اندر سے لگے کم کر دے -

اچانک حملہ کرنے مین جو زمین کے حالات پر نظر کر کے کیا جاوے گا کامیابی حملہ کی اوس تیزی پر منحصر ہوگی کہ جس سے وہ کیا جاوے گا - القصہ کُل حالات مین رسالہ کی کامیابی کا انحصار جلدی اور تیزی پر ہے کیونکہ بغیر اُسکے دشمن کی گولی سے بہت نقصان ہوتا ہے - اور عمدہ موقع حملہ کرنے کا ہاتھ سے کھویا جاتا ہے - اسواسطے یہ نہایت ضروری اور فائدہ مند ہوگا کہ معمولی قواعد پریڈ مین کام نہایت تیز قدم سے کرائے جاوین اور گھوڑے کا خیال بھی رہے اور انتظام اور بندوبست بھی عمدہ رہے -

تمام کام ایک بعد دوسرے کے جلدی سے ہوان اور جب زمین اس مطلب کے واسطے کافی ہو تو چھوٹے کالم فارمیشن مین لمبے اڈونس ایک ہزار سے پندرہ سو گز تک تیز ٹراٹ مین کرائے جاوین اور گاہے گاہے ڈرکشن بھی بدل دینا مناسب ہوگا اور اخیر مین چلتی ہوئی لائن ٹو دی فرنٹ بنائی جائے اور جب لائن بن جاوے تو گیلپ سے اڈونس کرین -

یہ مفید مطلب ہوگا کہ کام نہایت تیزی سے کیئے جاوین اور فارمیشن بہی عمدہ رہے اور افسر اور جوان پریڈین اس باتون سے اصل لڑائی کے واسطے تیار ہوجاوین ۔

باب ۱۳

پریڈ اڈوونس اور ریر گارڈ

ابتدائی قاعدے

یہ معلوم رہے کہ جو ہدایات درباب اڈوونس اور ریر گارڈ کے اس جگہہ تحریر ہوئی ہین وہ صرف پریڈ کے واسطے ہین یا ایسے موقعون پر کہ جب شہر سے نکلنا ہو یا سڑکون پر کوچ کرنا ہو اور جب کوچ کے وقت سوائے ٹہیک راستہ معلوم کرنیکے اور کیسی حفاظت کی ضرورت نہ ہو ۔

اصل لڑائی کے وقت اور دیگر موقعون پر کام اڈوونس اور ریر گارڈ کا اس طرح سے سکہلایا جاوے گا گویا کہ رسالہ دشمن کے سامنے کوچ کر رہا ہے اور اوس کا مفصل بیان حصہ پانچوین مین کیا گیا ہے ۔

(۱) ۔ ہر ایک رسالہ جب کوچون یا سڑکون پر چل رہا ہو اور نیز جب پریڈ کرنے کو جاتا ہو تو ہمیشہ اُسکے آگے ایک اڈوونس گارڈ اور پیچھے ایک ریر گارڈ ضرور ہونا چاہیئے ۔

(۲) ۔ اصل کام اڈوونس گارڈ کا یہ ہے کہ مین باڈی کے چلنے کے واسطے راستہ صاف رکھے اور درست راستہ اُسکے چلنے کے لیئے بتلادے ۔

(۳) ۔ تعداد جوانون اڈوونس گارڈ کی معمولی پریڈ کے موقعون پر ایک آٹھوین حصہ سے زیادہ نہ ہونی چاہیئے ۔

جب رجمنٹ کے چار سکوڈرن ہون تو ایک ترپ سے زیادہ اڈونس گارڈ مین نہ لگایا جائے۔

اگر ایک ترپ سوا فائیل کا علاوہ عہدہ دارون کے اڈونس گارڈ کے واسطے بولا جاوے تو اسکی تقسیم حسب ذیل ہوگی۔

اڈونس پارٹی مین دو جوان اور ایک عہدہ دار۔ عہدہ دار دونو جوانون کے بیچ مین نصف گھوڑے کے فاصلہ سے رہے گا۔

سپورٹ مین دس جوان اور ایک دفعدار۔

ریزرو یا مین باڈی کا اڈونس گارڈ مین بیس جوان زیر کمان ایک افسر کے۔

(۵)۔ افسر بعد نمبر اف کرنے رائٹ یا لفٹ سے جس فلانک سے کہ انہون نے چلنا ہو اڈونس گارڈ کا ذیل کے موافق ٹیلاف کرے گا۔

فرام دی رائٹ (یا لفٹ) ٹل اف سکس (چھ)

فسٹ فائیل آن دی رائٹ (یا لفٹ) اڈونس پارٹی مع فلان دفعدار کے۔

نمبر دو سے چھ تک سپورٹ مع فلان دفعدار کے۔

باقی ریزرو۔

بعد اس کے وہ ہر ایک کا حسب ذیل پروف کرے گا۔

اڈونس پارٹی وغیرہ پروف بعد اسکے اڈیو ور۔

اگر اڈونس گارڈ دس سے کم جوانون کا بنایا جاوے گا تو اسی طرح سے کم جوان کر کے تقسیم اسکی کیجاوے گی۔

(۶)۔ جب اڈونس گارڈ چلے تو افسر کمان کرنے والا اس کا یہ کمان دے گا۔

اڈونس پارٹی ٹو دی اڈونس۔ باقی ٹو اسوارڈس۔ سلوپ سوارڈس۔

فارم دی اڈونس گارڈ۔ ہاف سکشن رائٹ (یا لفٹ) مارچ۔
اس حکم پر ہر ایک نامزدہ فلنک سے چلے گا اور ہر ایک پارٹی اپنے مناسب فاصلہ پر
اپنی ریر والی پارٹی سے پہونچکر واک سے زیادہ نہ چلے گی (دیکھو ذیل کا نقشہ)

اڈونس گارڈ اور ریر گارڈ

اڈونسڈ گارڈ

مین باڈی — ۵۰ گز — اڈونس گارڈ کا ریزو (افسر) — ۵۰ گز — سپورٹ (دفعدار) — ۵۰ گز — اڈونسڈ پارٹی (دفعدار)

کالم کا

(۷)۔ رجمنٹ سے پورے پورے فاصلے رکھے جاوین اور قدم رجمنٹ
کے قدم کے مطابق ہوگا۔

فاصلے عموماً درمیان مختلف پارٹی اڈونس گارڈ اور درمیان اڈونس گارڈ کے
ریر کے حصے اور رجمنٹ کے مین باڈی کے پچاس گز ہونا چاہیئے مگر یہ فاصلے
حالات پر منحصر ہین۔ عام اصول یہ ہین کہ ہر ایک پارٹی ایک دوسرے کی نظر مین
رہے اگر بباعث زمین یا موڑ رستہ کے وہ ایک دوسرے کی نظر مین باوجود
ایک بڑے فاصلہ کردینے کے نہ رہین تو ایک جوان فرنٹ پارٹی کا بطور ایک
کنک ٹنگ لنگ یعنی سلسلہ کے چھوڑا جاوے تاکہ دوسرے ریر کی پارٹی
سے لگا رہے اور جس جگہہ رستہ گھوم کر جائے اس جگہہ ایک جوان پیچھے
چھوڑا جاوے اور وہ اس جگہ جب تک کہ دوسری پارٹی نہ آجاوے رہے گا
تاکہ رستہ کھویا نہ جاوے۔

عام حالات مین کمانیر اڈونس گارڈ درست رستہ کا جوابدہ ہوگا اور اپنے ریر
کے دو جوانوں سے نصف گھوڑے کے فاصلے رہے گا۔ مگر جب شاہی سواری

مقررہ راستہ سے جاتی ہو اور راستہ کے بھول جانے کا اندیشہ نہ ہو تو وہ پچاس گز اُن کے ریر مین رہے گا۔

(۸) - ریر گارڈ بھی اڈوانس گارڈ کی طرح سے بنایا جاتا ہے مگر اوُلٹا یعنی اُسکی مختلف پارٹیان فرنٹ سے ریر تک کم ہوتی جاتی ہین مگر اکثر کرکے تعداد ریر گارڈ کی اڈوانس گارڈ سے بہت کم ہوتی ہے۔

عام کوچون مین کام ریر گارڈ کا یہ ہے کہ مین باڈی سے جوانون کو پیچھے نہ رہنے دے یا اَور کوئی بے احتیاطی کالم کے ریر مین نہ ہونے پاوے۔ کوئی جوان جو رینک سے الگ ہو جائے کسی بہانہ سے ریر گارڈ سے پیچھے رہنے نہ پاویگا جب تک ایک عہدہ دار اُسکے ہمراہ نہ چھوڑا جاوے۔

ایک اکیلی رجمنٹ مین دو پارٹیان کافی ہون گی۔ ایک سپورٹ جسمین ایک عہدہ دار اور چار یا چھ سوار پچاس گز کے فاصلہ پر رجمنٹ کے ریر مین اور پیچھے اُسکے ریر پارٹی پچاس گز کے فاصلہ پر جس مین ایک عہدہ دار اور دو سوار ہونگے عہدہ دار ریر پارٹی کے جوانون سے نصف گھوڑے کے فاصلہ پر آگے ہوگا۔ (دیکھو نقشہ ذیل کا)

ریر گارڈ

ریر پارٹی		سپورٹ		مین باڈی
○○○	۵۰ گز	○○○○○	۵۰ گز	▬
عہدہ دار		نصف عہدہ دار		کالم کا

ٹیلاف کرنے مین بجائے اڈوانس گارڈ کے ریر گارڈ بولا جاوے گا۔ مختلف پارٹیان ریر گارڈ کو جب تک کہ مین باڈی اور اسکے فرنٹ کی پارٹی مطلوبہ فاصلہ پر نہ پہونچ جاوے کھڑی رہین گی۔ بعد کو ریر اور سپورٹ کو اُنکے

کمانیر یہ حکم دین گے ۔

ہاف سکشن رایٹ (یا لفٹ) مارچ ۔

اور ریر پارٹی کو یہ حکم دیا جاوے گا ۔

فائیل رایٹ (یا لفٹ) مارچ ۔

جیسے کہ اڈونس گارڈ مین مقررہ فاصلے رکھے جاتے ہین اور قدم مطابق قدم مین باڈی کے ہوتا ہے ۔ اسی طرح سے ریر گارڈ مین رکھا جاوے گا اور ہمیشہ اُس کی طرح پر سلسِلہ رہے ۔

(۹) ۔ اڈونس اور ریر گارڈ ہمیشہ اٹنشن اور ڈرا سورڈس سے چلتے ہین جب تک کہ خاص حکم رٹرن سورڈ اور مارچ اٹ ایز کا حکم نہ دیا جائے ۔

فارم اڈونس اور ریر گارڈ کے حکم پر کہ جین ڈرا سورڈس کی جاوین گی ۔ گو اصل فوج ڈرا سورڈس نہ کرے ۔ اڈونس پارٹی کے دو جوان اور دو جوان ریر پارٹی کے اپنے کاربائن کو اڈونس پر رکہین گے ۔ اور باقی جوان سلوپ سورڈ اور لنسر رجمنٹون مین کیری لنس سے چلین گے ۔

(۱۰) ۔ جب صرف ایک سکوڈرن چلتا ہو تو ایک دفعدار اور دو سوار اڈونس گارڈ کے واسطے اور ایک دفعدار اور دو سوار ریر گارڈ کے واسطے کافی ہون گے ۔ اور یہ پچاس گز آگے اور پچاس گز پیچھے سکوڈرن سے چلین گے ۔

(۱۱) ۔ جب رسالا ایک اڈونس گارڈ کے ساتھہ کوچ رہا ہو اور اون کو اور فوج آگے چلتی ہوئی اوسی رہستہ سے مل جاوے تو دفعدار اڈونس گارڈ کا اُسکی رپورٹ کمان افسر صاحب سے کرے گا ۔

اڈونس گارڈ فوراً واپس ہو کر مین باڈی سے مل جاوے گا کیونکہ صرف

ایک اڈوانس گارڈ کل فوج کے آگے درکار ہوتا ہے اور جب کالم کے ریر مین اُوور فوج آجاوے قاعدہ مذکورہ بالا ریر گارڈ کے واسطے عمل مین لایا جاوے گا۔

جب رسالہ سڑکون اور دوسری آمد و رفت کے رستون سے چل رہا ہو تو عام قاعدہ یہ ہوگا کہ رسالہ بائین جانب رستہ کے چلے اور وہنا طرف لوگون کی آمد و رفت کے واسطے چھوڑا جاوے اسکی کچھہ پرواہ نہین ہے کہ ڈرک ننگ فلنک کون ہو۔

شاہی سواری کی حالت مین رسالہ کو عام رستون سے ہاف سکشن سے زیادہ نہ چلنا چاہیئے۔

باب ۱۴

اسکارٹ سٹور۔ باربرداری۔ گولہ و باروت اور قیدی وغیرہ کے بیان مین

(۱) سٹور اور باربرداری اور گولہ و باروت اور قیدی وغیرہ کے اسکارٹ سنگل رینک مین فارم کیئے جاتے ہین اور رائٹ یا لفٹ سے جیسے کہ رائٹ یا لفٹ فلنک سے چلنا ہو۔ اڈوانس گارڈ کے قاعدے کے مطابق ڈیلاف کیئے جاتے ہین یہ غیر ممکن ہے کہ کوئی خاص قاعدہ درباب تعداد ایسے اسکارٹ کے مقرر کیا جائے۔ اون کی تعداد بموجب اُس شے کے ہونی چاہیئے کہ جس کا وہ سکارٹ بنایا گیا ہے یا موقع دیکھکر اسکارٹ کی تعداد بتائی جاسکتی ہے

ذیل کی ہدایات درباب تقسیم مختلف پارٹی ایسے اسکارٹ کے صرف عام قاعدہ

کے طور پر لکھی جاتی ہین - اس امر کا خیال رہے کہ موقع پر خیال کر کے اسکارٹ کا بندوبست مناسب کیا جاے -

(۲) - تمام ایسے اسکارٹون کے ساتھ آگے ایک اڈونس گارڈ اور پیچھے ایک ریر گارڈ کا ہونا ضروری ہے - تعداد ان کی بموجب تعداد اسکارٹ اور موقع کے ہوگی -

(۳) - اگر یہ خوف نہو کہ بدرقہ پر حملہ ہوگا یا قیدیون کے چھڑالے جانے کی کوشش ہوگی تو اڈونس گارڈ مین ایک دفعدار اور دو سوار اور ریر گارڈ مین ایک دفعدار اور دو سوار ہون گے اور بعض خاص حالات مین اتنے زیادہ کیے جا سکتے ہین -

(۴) - ایک پارٹی دو یا چار جوانون کی گاڑیون کی قطار کے آگے اور ایک پارٹی دو یا چار جوانون کی اون کے پیچھے ہونی چاہیے اور ہر ایک گاڑی کے دونو جانب ایک ایک سوار چلے گا -

بہ حالت قیدیون اور گولہ بارود وسٹور کے اسکارٹ کے اگر حملہ کا خوف ہو تو ہر ایک گاڑی کے آگے اور پیچھے کم از کم دو دو جوان ہونے چاہئین اور دونو جانب کے جوان چار سے لیکر چھہ تک بموجب ضرورت کے کیے جاوین - اس حالت مین یہ بھی ضرور ہوگا کہ ایک فلنک پٹرول کالم کے فلنک کی حفاظت کے واسطے بھیجی جاوے - یہ فلنک والے اڈونس اور ریر گارڈ سے لیے جاوین گے - جگہہ اسکارٹ کے کمانیر کی وہ ہوگی جہان سے وہ اسکارٹ کا عمدہ طور سے انتظام کر سکے -

(۵) مذکورہ بالا اسکارٹ اکثر ہاف سکشن یا سکشن مین چلے گا اور اون کا قدم مطابق قدم اُس کالم کے ہوگا کہ جس کا وہ اسکارٹ ہے - جن گاڑیون مین

بارُوت یا گولہ و بارُوت ہو وہ واک سے زیادہ نہ چلین گی ۔ حقہ پینے کی اجازت کسی حالت مین نہ دی جاوے گی ۔ باروت کا کالم ایسی جگہہ جہان آگ قریب ہو یا شہر کے نزدیک نہ ہالٹ کیا جاوے ۔

اسٹور باربرداری گولہ باروود قیدیان

اسکارٹ برائی بارود

۵۰ گز ۔ ۵۰ گز ۔ ۵۰ گز ۔ ۵۰ گز

عہدہ دار ۔ عہدہ دار ۔ افسر ۔ عہدہ دار ۔ عہدہ دار

(۶) - قیدیون یا گولہ و باروت کے اسکارٹ ہمیشہ ای ٹنشن اور ڈرا سورڈس سے چلین گے ۔ باربرداری یا اسٹور کے اسکارٹ کو مارچ ایٹ ایز کی اجازت اگر کمانیر چاہے دے سکتا ہے ۔

(۷) - معمولی کوچون مین باربرداری کا گارڈ اگر ڈسمونٹ شدہ جوانون کا بنایا جاتا ہے ۔ ان حالتون مین جہان گرینہ لنگی ۔ پڑتلہ اور برانڈ ہی لپٹی ہوئی پہنے ہوئے ہون گے اور کاربائن پکڑ کے چلین گے اور کرچین یا بلم اون کے پاس نہ ہون گی ۔

ان کے بران کوٹ اور ہسپک اور کرچین اور بلم گاڑی مین جا دین گی ۔ کمان کرنے والا باربرداری کی گارڈ کا مونٹ رہے گا اور ساتھ اسکے ایک نفدار یا عہدہ دار مدد کے واسطے ہونٹ چلے گا ۔

(۸) - ایک ڈسمونٹ باربرداری کا گارڈ اگر نفر سے زیادہ رکھتا ہو تو حسب ذیل بنایا جاوینگا ۔

الف - ایک پارٹی آٹھ جوانون کی زیر کمان ایک لیس دفعدار کے سکشن مین بنائی جاوے گی اور کالم کی اگلی گاڑی کے فرنٹ مین چلین گے -

ب - دو جوان فی گاڑی سنگل فایل مین ایک ایک دونو طرف گاڑی کے ہون گے اور اون کا یہ کام ہوگا جب ضرورت پڑے گاڑی کی مرمت وغیرہ مین مدد کرین - یہ جوان نہ تو اپنی کاربائین کو گاڑی مین رکھین گے اور نہ گاڑی پر سوار ہون گے -

لمبے کوچون مین ان جوانون کی بدلی کی جاوے گی -

ت - باقی ڈسمونٹ شدہ پارٹی سکشن مین فارم کرے اور زیر کمان ایک دفعدار کے پچھلی گاڑی کے ریر مین چلین گے -

(۹) - جب باربرداری بہت سی رجمنٹون کی ایک کالم مین جا رہی ہو تو باربرداری کا گارڈ ہر ایک رجمنٹ کا علیحدہ علیحدہ جیسا کہ اول بیان کیا گیا ہے ہونا چاہیے جوان باربرداری کی گارڈ کے ہمیشہ اپنی اپنی رجمنٹون کی گاڑیون کے ساتھ رہین گے کوئی جوان بغیر اجازت کمانیر باربرداری کے گارڈ سے الگ نہ ہوگا اگر کسی جوان کو کسی ضرورت کے باعث سے پیچھے رہنے کی ضرورت پڑے تو ایک دفعدار اوس کے ساتھ چھوڑا جاوے - اگر کوئی جوان اپنی جگہہ سے غیر حاضر پایا جائے تو فوراً قید کرنا چاہیئے - کمانیر یا اوس کا مددگار کرنے والا دفعدار کالم کے پیچھے رہ جاوے تاکہ معلوم کرے کہ کوئی جوان بے اجازت گاڑیون کے پیچھے تو نہین رہ گیا ہے -

(۱۰) - کمانیر باربرداری کے گارڈ یا مدرقون کے اسکارٹ کو نہایت احتیاط کرنی لازم ہے کہ کالم کے مارچ کے کل حکمون کی تعمیل کرائے اگر کوئی بے احتیاطی باربرداری مین ہوگی تو فوج کے آرام مین بڑا خلل پڑنے گا -

جن افسرون کی نوکری اس کام مین لگائی جائے اون کے پاس ایک نقل حکمون
اور راستون کی کہ جن سے جانا ہوگا رکھنی نہایت ضروری ہے۔
(۱۱)۔جب رسالہ کی بار برداری جارہی ہو تو افسر رجمنٹ کی بار برداری کے
گارڈ کا ہر ایک گاڑی کی بابت ذمہ دار ہوگا اوس کو ہر وقت گاڑیونکی خبر گیری
کرنی چاہیئے اور جب ہالٹ ہو تو گھوڑون اور سازاور گاڑیون کو ملاحظہ کرے
اور خاصکر گھوڑون کی نعلبندی دیکھے۔
جب رجمنٹ کے ٹرنس پورٹ سے کام لیا جاوے تو ایک نعلبند اور ایک
بڑہی سوار ہوکر بار برداری کی گاڑیون کے ساتھ چلین گے۔اور بوقت
ضرورت یہ مدد دین گے۔
دو گھوڑے فالتو بھی اون کے ہمراہ ہونے ضرور ہین۔
قبل از مارچ اگر جگہہ ہوگی گاڑیان ایک لائن مین کھڑی کی جاوین گی اور جبتک
کہ حکم مارچ کا نہ دیا جاوے کالم آف روٹ نہ بنایا جاوے گا۔گاڑیان کلوز
انٹرول سے فارم کی جاوین گی اور ایک پہیہ سے دوسرے پہیہ تک ایک گزکا
فاصلہ رہے۔تمام گاڑیان جو اس طرح سے فارم ہون گی فرنٹ کی لائن کے
ساتھ ٹھیک مربع ہونی چاہیئے تاکہ گھوڑے کے پاؤن کے نشان ایک ساتھ
پڑتے جاوین۔بار برداری کا گارڈ گاڑیون کی لائن کے ریر مین قائم کیا جاویگا
اور جب مارچ کا حکم ہے تو کالم آف روٹ مین اپنی اپنی جگہہ پر جاوین گے
فاصلہ درمیان پچھلی ایک گاڑی اور گھوڑون کے چار گز کا ہوگا۔سوائے
خاص حالتون کے گاڑیان داک سے زیادہ نہ چلین گی اور رجمنٹ کے ٹرنس
پورٹ کے دراپی کپڑے اوہ کرتہ اور میٹی سوائے تلوار کے نہ پہنین گے اور
بر ٹلہ اور ہتیار نہ اوٹھائین گے۔

(۱۲) - جب رسالہ کی باربرداری اور فوجون کے کالم کے ساتھ جاتی ہو تو یہہ نہایت ضروری ہوگا کہ رسالہ کی باربرداری پیدل پلٹن سے آگے جاوے کیونکہ سوارون کو بہ نسبت پیدل پلٹن کے سپاہیون کے پڑاؤ پر پہونچکر بہت سے کام کرنے ہوتے ہین مثلاً گھوڑون کی میخین لگانا اور دانہ اور گھاس وغیرہ کا بندوبست کرنا وغیرہ وغیرہ *

ڈی ٹیچڈ ڈیوٹیز کے بیان مین

رسالہ کے ڈی ٹیچڈ ڈیوٹیز کے واسطے ٹھیک ٹھیک ایسے قاعدے جو ہر ایک ضرورت کے وقت کام آوین مقرر کرنا محال ہے اور نہ اونکی تقرری کی کچھ چندان ضرورت ہے کیونکہ یہ کام زمین اور آب وہوا اور دشمن کے مختلف حالات پر نظر کرکے کیئے جاتے ہین - اس مطلب سے کہ میدان جنگ مین ایک دوسرے کو مدد کرین یہ نہایت ضرور ہے کہ ایک گونہ یکسان قاعدے سکھلائے جاوین -

اس واسطے چند ایسے قاعدے لکھے جاتے ہین کہ جو کل ملکون مین موقع لڑائی کے وقت اکثر کارآمد ثبوت ہوچکے ہین - مگر یہ ضرور نہین کہ خواہ نخواہ انپر پورا پورا عمل درآمد کیا جائے -

ہر ایک حال مین یہ خیال کرنا چاہیئے کہ کسقدر فوج نے مطلب خواہ حفاظت کا اور خواہ خبر رسانی کا حاصل ہوسکتا ہے - چونکہ ریکانائسنس اور تلاش کا کام خاص رسالہ کا ہے اس واسطے ایسے بہت موقعے ملتے ہین -

افسرون سے لیکر ایک ادنے سوار تک ناموری حاصل کرسکتا ہے - بعض اوقات دفعدار بجائے سردار کے اس کام مین لگایا جاویگا اسواسطے

رسالے کے کام جو الگ ہوکر کیئے جاتے ہین

تعداروں کو بھی افسروں کے برابر اس کام کی تعلیم دی جاوے تاکہ بوقت ضرورت فوج نکمی نہ ہو جاوے۔

ان کاموں کی تفصیل یہ ہے۔

(۱)۔ تدابیر واسطے حفاظت کے مارچ پر یا کیمپ میں کرنا۔

(۲)۔ ریکانائسنس دونوں ملک اور دشمن کا کرنا۔

(۳)۔ اسکارٹ رسد اور گھاس وغیرہ کا تلاش کرنا۔

(۴)۔ جو سڑک اپنے فرنٹ سے اپنے ریر کو جاتی ہے اُس کا بچاؤ کرنا اور جو سڑک دشمن کے فرنٹ سے اُن کے ریر کو ہو اور جس پر اون کی رسد وغیرہ کا مدار ہو اوس پر حملہ کرنا۔ ان دونوں سڑکوں کو لائن آف کیمونی کیشن کہتے ہیں۔

عام قاعدے

ڈی ٹیچڈ ڈیوٹی کے کاموں میں بہت کچھ فرق پایا جاتا ہے اور اُن کے کرنے کے واسطے یہ نہایت ضروری ہوگا کہ اون کے فرق کو سمجھ لیا جاوے۔

انکی خاص تین قسم ہیں۔

(اول)۔ اڈوانس اور ریر گارڈ اور فلنک کی جماعتیں جن کا خاص کر یہ مطلب ہے کہ چلتی ہوئی میں باڈی کو اچانک پکڑے جانے سے بچاویں۔

(دوم)۔ اوٹ پوسٹ۔ ان کا یہ مطلب ہے کہ ایک مقیمی مین باڈی کے فلنکوں اور فرنٹ کے ریر میں حفاظت کریں۔

(سوم)۔ ریکانائٹرنگ کی جماعتیں۔ جن کا یہ مطلب ہے کہ دشمن کی جگہہ اور حرکات اور تعداد کی خبر رکھیں۔

اڈوانس اور ریر گارڈ۔ یہ چلتی ہوئی جماعتیں ہوتی ہیں اور ہمیشہ آگے چلتی رہتی ہیں

ہین اور زمین کو فرنٹ اور ریر اور فلنک مین صاف کرتی رہتی ہین تاکہ مین باڈی
کو اڈونس یا ریٹریٹ مین امن حاصل ہے اور اُسکو کم از کم کسی مفروضہ رکاوٹ
کی اطلاع رہے تاکہ اُسکے باعث سے رُک نہ جاوے - اس مطلب کیواسطے
اڈونس گارڈ فرنٹ مین ایک بڑے فاصلے پر جاوے اور اوس کا کام
مین باڈی کے فرنٹ اور فلنک کی حفاظت کا ہے اور دشمن کی ریکانا سنس کا
نہین ہے -
حرکات اڈونس اور ریر گارڈ کی مین باڈی کی حرکات پر منحصر ہین اسلئے خاصکر
اُس کا کام ریکانائٹرنگ کی جماعتون سے مختلف ہے یعنی خاص ریکانا سنس سے -
اوٹ پوسٹ - یہ مین باڈی کی ریر مین حفاظت کرتے ہین اور اس مین چند جوان
ہوتے ہین جو فرنٹ مین چوکیداری کی غرض سے بھیجے جاتے ہین تاکہ پیچھے
والون کو امن رہے -
بغیر حفاظت کے اصل آرام حاصل نہین ہوسکتا ہے -
وہ اسقدر آگے بھیجے جاتے ہین کہ جہان سے اون کے وُوٹ اور پٹرول دشمن
کے آنے کی خبر باوقت پہونچا سکتے ہین تاکہ مین باڈی فالن ہوکر مقابلہ
کرسکے -
ریکانائٹرنگ کی جماعتین - یہ چلتی ہوئی جماعتین مین باڈی سے خواہ وہ ایک
جگہہ پڑی ہو یا چل رہی ہو بھیجی جاتی ہین تاکہ فرنٹ مین یا ایک فاصلہ پر دشمن
کی خبر حاصل کرین -
یہ جماعتین گاہے گاہے اڈونس گارڈ سے آگے جاتی ہین اور اپنا کام علیحدہ
ہوکر کرتی ہین -
اس طرح سے ریکانائٹرنگ پارٹی اڈونس گارڈ سے تمیز کی جاتی ہے -

الف - اڈونس گارڈ کا یہ مطلب ہے کہ دشمن کی خبر خاص فرنٹ اور فلنک مین رکھے اور اگر ضرورت ہو ایک حملہ کرکے یا اوس کو روک کر فرنٹ اور فلنک کی حفاظت کرے -

ریکانائٹرنگ جماعتون کا یہ کام نہین ہے کہ اپنے فرنٹ اور فلنک کی خبر لین بلکہ اوس کا یہہ فرض ہے کہ دشمن کی تعداد اور جگہہ اور عام حرکات کو بتلادے علاوہ اسکے ریکانائٹرنگ جماعتون کا مطلب لڑنے کا نہین ہے وہ کبھی نہین لڑتین سوائے خاص خاص ضرورت کے کہ جب وہ خبر جو وہ اَور طرح سے حاصل نہ کرسکتین ہون اس طرح سے حاصل کرین -

ب - اڈونس گارڈ کی حرکات مطابق حرکات مین باڈی کے ہوا کرتی ہین -

ریکانائٹرنگ کی جماعتین بالعکس اسکے اپنی حرکات کو موافق مین باڈی کی حرکات کے نہین رکھتین وہ ایسی خبرین پہونچاتی ہین کہ جس پر حرکات مین باڈی کی منحصر ہوسکین -

ریکانائٹرنگ کی جماعتون کے کام ٹہیک بیان نہین کیئے جاتے ہر ایک حالت مین اون کو خاص حکم ملتا ہے کہ کس طرف وہ جاوین اور کس قدر فاصلہ پر جائین اور کس مطلب کے حاصل کرنے کو وہ بھیجی جاتی ہین - وہ ایک دریافت کرنے والی جماعت مین ہوتی ہین اور خاص حکم اور خاص مطلب سے بھیجی جاتی ہین -

یہ غیر ممکن ہے کہ ان کامون کو کم ضروری سمجھا جاوے - ساری لڑائی کی جیت صحیح خبرون اور جلد خبرون کے پہونچنے پر موقوف ہے - آج جو خبر پہونچے بہت فائدہ مند ہوگی اور وہی خبر اگر کل پہونچی تو بے فائدہ ہوگی - سوائے

اسکے ایک چہوٹھی نہر جو بے احتیاطی اور جلدی سے دی جاوے گی شاید اُس سے فوج کو نقصان پہونچے گا۔

باب

اڈونس اور ریرگارڈ

عام قاعدے

چونکہ فوج عموماً راستوں پر چلا کرتی ہے اس واسطے کالم کی لمبائی اُسکی چوڑائی سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ مثلاً ایک جمبٹ چار سکوڈرن کی ہوکشن مین جا رہی ہو چار سو گز زمین درکار ہوگی۔

اور ایک پیدل بلٹن کا ڈویژن کو اگر لڑائی کی نفری رکھتا ہو ایک کالم مین بغیر باربرداری کے پونے چار میل زمین چاہیے۔

لڑائی کے واسطے ڈپلائی کرنے کو ڈیڑھ گھنٹہ درکار ہوگا اور اس عرصہ مین فوج بالکل لڑائی کے واسطے تیار نہ ہوسکے گی یا قدرے لڑائی کے لیے تیار ہوسکین گی۔ جب تک کہ دشمن دور ہے فوج کے آرام کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ اور جب اُس جگہہ پہونچ جاوین جہان کہ لڑائی کی اُمید ہے تو اور امور کا خیال کرنا چاہیے۔

تمام کوچون مین علیحدہ علیحدہ جماعتین ہر قسم کی فوج کے واسطے آگے اور فلنک اور مین باڈی کے ریر مین جاتی ہین اول حالت مین اڈونس گارڈ اور دوسری حالت مین فلنک کی جماعتین اور تیسری حالت مین ریرگارڈ کہلاوین گی۔

تعداد وغیرہ ان کی اپنی مین باڈی اور زمین اور دشمن کے حالات اور دشمن کی قربت پر منحصر ہے۔ اور جس قسم کا کوچ اب کیا جاتا ہے اُس کی تین قسم ہین۔

(۱)۔قبل لڑائی کے اڈونس کرنا۔

(۲)۔بعد فتح کے پرسوٹ یعنی تعاقب کرنا۔

(۳)۔شکست کے بعد ریٹریٹ یعنی ہٹنا۔

رسالہ اپنی حرکات کے باعث سے خواہ دن ہو یا رات اور ہر ایک حالت ملک اور آب و ہوا اور موسم اور دشمن کے آگے کارآمد کام کرسکتا ہے اور اَور فوجون کی نسبت اڈونس اور ریٹریٹ مین دشمن کے قریب ہوتا ہے۔

اڈونس گارڈ اور فلنک کی جماعتون کے یہ کام ہین۔

(۱)۔ مین باڈی کے واسطے رستہ صاف کرنا اور اُس کو ناگہان بلا سے بچانا۔

(۲)۔ فرنٹ اور فلنکون کا فوجی مطلب کے موافق ریکانائٹرنگ کرنا اور مین باڈی کے کمانیر سے موجودگی اور تقسیم دشمن کی رپورٹ کرنا تاکہ اُسکو انتظام کرنے کے واسطے وقت کافی ملے۔

ریر گارڈ کے چھ کام ہین کہ اڈونس مین خاصکر پولیس کے طور کے کام کرے اور ریٹریٹ مین مین باڈی کو ناگھان ہلہ ہونے سے بچاوے اور دشمن کے روکنے کی کوشش کرے۔

(۱) اڈونس گارڈ کا بیان